# رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ

## رکھ کینال ایسٹ روڈ، فیصل آباد

## اطلاع اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ کے حصہ داران کا ۱۳۷واں اجلاس عام (سالانہ عمومی) بروز جمعرات، ۲۴ اپریل ۲۰۲۵ء، سہ پہر ۰۰:۳ بجے بمقام کمپنی کے ہیڈ آفس رکھ کینال ایسٹ روڈ، فیصل آباد میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

۱۔ کمپنی کے حصہ داران کے گزشتہ اجلاس عام (غیر معمولی) منعقدہ بروز جمعرات ۵ ستمبر ۲۰۲۴ء بمقام فیصل آباد کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ برائے سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۴ء، کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

۳۔ برائے سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۴ء کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح ہر ایک ۱۰ روپے مالیت کے فی عمومی شیئر پر ۱۰۰ روپے یعنی ۱۰۰۰ فیصد کی منظوری دی گئی ہے۔

۴۔ آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہو رہے ہیں اور اہل ہونے کی بنا پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کرتے ہیں۔ آڈٹ کمیٹی کی سفارشات پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء بشمول زیرِ جائزہ نصف سال کے لئے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کی تجویز دی ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**مصطفیٰ کمال زبیری**

چیف لیگل آفیسر اینڈ کمپنی سیکریٹری

فیصل آباد

۳ اپریل ۲۰۲۵ء

**نوٹ:**

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 18 اپریل ۲۰۲۵ء تا ۲۴ اپریل ۲۰۲۵ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی اور اس دوران میں کوئی ٹرانسفر رجسٹریشن کیلئے قبول نہیں کی جائے گی۔

۲۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ دوسرے شخص کو اپنے بجائے شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنے پراکسی کے طور پر مقرر کرنے کا حقدار ہوگا/ ہوگی، اور اس طرح مقرر کردہ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کرنے، اظہار خیال کرنے اور ووٹ دینے کے سلسلے میں ایسے حقوق میسر ہوں گے جو ایک ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ موثر العمل ہونے کے لئے پراکسیز اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کو لازماً وصول ہو جائیں۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔ پراکسی کا فارم حصہ داران کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

۳۔ فزیکل حصہ داران سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی بھی تبدیلی کیلئے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو فوری مطلع فرمائیں۔

۴۔ اجلاس میں شرکت کے خواہاں سی ڈی سی حصہ داران سے درخواست ہے کہ شناخت کے لئے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، اکاؤنٹ اور پارٹیسپینٹس آئی ڈی نمبرز ہمراہ لائیں اور پراکسی کی صورت میں اپنے سی این آئی سی کی مصدقہ نقل منسلک کریں۔

### حصہ داران کے لئے اہم نوٹ

براہِ مہربانی مندرجہ ذیل نوٹس کو پڑھ لیجئے۔ متعلقہ صورتحال بابت جواباً آپ کی رائے قابل قدر ہوگی:

**سی این آئی سی نمبر**

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی (صرف فزیکل حصہ داران) کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرا دیں اگر یہ پہلے فراہم نہیں کی گئی۔ کارپوریٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر جمع کرانے ہوں گے اگر اب تک جمع نہیں کرائے۔ سی این آئی سی/ این ٹی این سرٹیفکیٹ (کاپی) نہ جمع کرانے کی صورت میں آئندہ تمام ڈیویڈنڈ روک لئے جائیں گے۔

**منافع منقسمہ مینڈیٹ/ ای ڈیویڈنڈ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے حصہ داران کو نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل حصہ داران کی جانب سے نامزد کردہ ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرا دیں۔

اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے حصہ داران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.rafhanmaize.com پر دستیاب ڈیویڈنڈ مینڈیٹ کے درخواست فارم کو بھریں اور دستخط کے ساتھ سی این آئی سی کی ایک کاپی کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فزیکل شیئرز ہونے کی صورت میں جمع کرا دیں۔ شیئرز کے سی ڈی سی کے پاس ہونے کی صورت میں فارم براہِ راست حصہ داران کے بروکر/ پارٹیسپنٹ/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کرا دیا جائے۔

معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی حصہ داران کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

**سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی بذریعہ فعال QR کوڈ ترسیل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے SRO No.389(1)/2023 مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اپنے ممبران کو سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کے بجائے فعال QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ترسیل کر سکتی ہے، اس کی منظوری شیئر ہولڈرز سے کمپنی کے سالانہ اجلاس منعقدہ ۲۷ اپریل ۲۰۲۳ء میں بھی لے لی گئی تھی۔

مالیاتی سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۴ء کیلئے کمپنی کے سالانہ مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی فراہم کر دیے گئے ہیں جن تک رسائی/ ڈاؤن لوڈ درج ذیل ویب لنک/ QR کوڈ کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہے:

https://rafhanmaize.com/wp-content/uploads/2025/04/Annual-Report-2024.pdf

تاہم وہ حصہ داران جو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی بشمول اجلاسِ عام کی اطلاع وصول کرنا چاہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.rafhanmaize.com پر دستیاب درخواست فارم کو بھریں اور اسے ہمارے شیئر رجسٹرار یا کمپنی سیکریٹری کو ان کے متعلقہ ڈاک کے پتوں پر جو اس نوٹس کے آخر میں درج ہیں، ارسال کر دیں۔

**غیر کلیم شدہ شیئرز/ غیر ادا شدہ منافع منقسمہ**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ پر عملدرآمد کے تحت کمپنی کی جانب سے ایک حتمی نوٹس ۲۱ مئی ۲۰۲۴ء دیا گیا تھا کہ رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ کے شیئرز/ کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ منافع منقسمہ جس کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ www.rafhanmaize.com پر دی گئی ہے، اپنی واجب الادا اور قابل ادائی ہونے کی تاریخ سے ۳ سال کی مدت کے لئے غیر کلیم کردہ یا غیر ادا شدہ رہا ہے۔ مذکورہ بالا حوالہ شدہ حتمی نوٹس کے سلسلے میں متعلقہ حصہ داران کی جانب سے کسی کلیم کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی غیر کلیم شدہ/ غیر ادا شدہ رقم کو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ کی ذیلی دفعہ ۲ کی شقوں کے مطابق وفاقی حکومت کو جمع کرانے کی کارروائی کرے گی۔

**دفعہ ۱۵۰ کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی**

یکم جولائی ۲۰۱۹ء سے نافذ العمل فنانس ایکٹ، ۲۰۱۹ کی شقوں کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگیوں سے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی ریٹس پر درج ذیل کے مطابق نظر ثانی کی گئی ہے:

| | |
|---|---|
| برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز | ۱۵ فیصد |
| برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔ فائلرز | ۳۰ فیصد |

کمپنی کو نقد منافع منقسمہ کی رقم پر ۳۰ فیصد کے بجائے ۱۵ فیصد ٹیکس کٹوتی کیلئے اہل بنانے کے سلسلے میں وہ حصہ داران جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود نہیں، باوجود اس حقیقت کے کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے نام مستقبل کے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی سے قبل اے ٹی ایل میں شامل کرالیں بصورتِ دیگر ان کے منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے ہوگی۔

مزید براں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصولہ وضاحت کے مطابق جوائنٹ ہولڈنگ کی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس کی تشخیص پرنسپل ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈر کی ہولڈنگ کے تناسب سے ''فائلر/ نان۔ فائلر'' حیثیت کی بنیاد پر جداگانہ کی جائے گی۔

اس ضمن میں تمام جوائنٹ ہولڈنگ کے حامل حصہ داران سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل فارمیٹ میں ہمارے شیئرز رجسٹرار کو پرنسپل حصہ داران اور جوائنٹ ہولڈر کی ہولڈنگ کا تناسب تحریراً، جلد از جلد ارسال کریں، اگر اب تک ایسا نہیں کیا گیا۔ دوسری صورت میں یہ تصور کر لیا جائے گا کہ شیئرز کی ہولڈنگ مساوی ہے:

| کمپنی کا نام | فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

**سینٹرلائزڈ نقد منافع منقسمہ کا رجسٹر (سی سی ڈی آر)**

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) نے سینٹرلائزڈ نقد منافع منقسمہ کا رجسٹر (سی سی ڈی آر) تشکیل دیا ہے، جو ایک ای۔ سروسز ویب پورٹل ہے جس میں ادا شدہ نقد منافع منقسمہ، غیر ادا شدہ یا لسٹڈ کمپنیز کی جانب سے روکے گئے نقد منافع منقسمہ سے متعلق تفصیلات شامل کی جائیں گی۔ سی سی ڈی آر لسٹڈ کمپنیز کی جانب سے شیئر ہولڈرز کو ادا کیے جانے والے منافع منقسمہ کی تفصیلات کو مرتب رکھنے میں مدد دے گا اور متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ایسی تمام معلومات تک رسائی فراہم کرے گا۔ ویب پورٹل لسٹڈ کمپنیز کے شیئر ہولڈرز کو مرکزی رجسٹر سے نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات کے حصول اور ان کے ریکارڈ کے مقاصد کیلئے استعمال میں سہولت فراہم کرے گا۔

آپ https://eservices.cdcaccess.com.pk کے ذریعے سی سی ڈی آر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ منافع منقسمہ/ زکوٰۃ اور ٹیکس کی کٹوتی کی رپورٹ بھی براہِ راست اپنے پارٹیسپنٹ (اسٹاک بروکر) سے حاصل کی جا سکتی ہے جو انہیں ان کے سی ڈی ایس ٹرمینلز پر فراہم کر دی گئی ہے۔ مزید برآں آپ اس رپورٹ کی ایک کاپی اپنے فراہم کردہ/ رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز پر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل سرٹیفکیٹس کا جمع کرانا**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل سرٹیفکیٹس کو کمیشن کی جانب سے مشتہرہ تاریخ تک اور مروجہ طریقہ کار کے مطابق اس ایکٹ کے آغاز سے ۴ سال کی مدت کے اندر بک اینٹری کی صورت میں تبدیل کرا لے۔

فزیکل شیئرز کے حامل حصہ داران کی ان کے فزیکل سرٹیفکیٹس کو اسکرپ لیس صورت میں تبدیل کرانے کی غرض سے کسی بھی بروکرز یا سی ڈی سی کے پاس براہِ راست انویسٹر اکاؤنٹ میں سی ڈی سی ضمنی اکاؤنٹ کھلوانے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

**سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت**

ایس ای سی پی نے اپنے سرکلر نمبر ۴ بابت 2021 مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ء کے تحت اجلاس عام میں شرکت کے لئے الیکٹرونک طریقہ کار کو ایک عمومی ذریعہ قرار دے دیا ہے۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی اس سالانہ اجلاسِ عام کا انعقاد حصہ داران کی کم از کم فزیکل موجودگی کے ساتھ کرنے کی خواہاں ہے جبکہ کورم کی شرائط پر عملدرآمد کو یقینی بنانے اور ممبران سے سالانہ اجلاسِ عام میں پراکسیز کے ذریعے شرکت کی درخواست کی جاتی ہے تاکہ ممبران کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

اس صورتحال کے پیش نظر کمپنی نے ایسے انتظامات کو یقینی بنایا ہے کہ تمام شرکت کنندگان بشمول حصہ داران سالانہ اجلاس عام کی کارروائیوں میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کر سکیں گے۔ اس مقصد کے لئے ممبران پر لازم ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر اور ان کے نام پر موجود شیئرز کی تعداد عنوان ''رفحان اے جی ایم کیلئے رجسٹریشن'' کے ساتھ corporate@rafhanmaize.com پر ای میل کر دیں۔ وڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان ممبران کو ارسال کی جائے گی جنہوں نے اپنے ای میلز بشمول تمام مطلوبہ کوائف دیئے گئے ای میل ایڈریس پر ۲۲ اپریل ۲۰۲۵ء بوقت سہ پہر ۰۰:۳ بجے تک یا اس سے قبل ارسال کر دیئے ہوں گے۔ حصہ داران اپنے تبصرے و جائزے اور سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لئے اپنے استفسارات بھی ای میل corporate@rafhanmaize.com پر ارسال کر سکتے ہیں۔ ممبران کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام میں بذریعہ وڈیو لنک ان کی شرکت یا پراکسیز کے ذریعے ان کی شرکت کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| **کمپنی سے رابطہ:**<br>جناب مصطفیٰ کمال زبیری<br>چیف لیگل آفیسر اینڈ کمپنی سیکریٹری<br>رفحان میظ پراڈکٹس کمپنی لمیٹڈ، رکھ کینال ایسٹ روڈ، فیصل آباد<br>ٹیلی فون نمبر: 8540121 (041)، ایکسٹینشن 226 اور 348<br>ای میل: corporate@rafhanmaize.com | **شیئرز رجسٹرار:**<br>جناب ندیم امجد<br>میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ<br>۸۔ ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک۔ ۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی<br>فون: 23-34384621 & 05-34380101 (021) ایکسٹینشن: 104<br>ای میل: info.shares@famcosrs.com |